صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 26 ستمبر 2016ء بمطابق 23 ذوالحجہ 1437 ہجری بعداز دوپہر تین بجکر اڑتیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ○ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ۔

(ترجمہ): جو لوگ تم میں سے ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے خدا کا وعدہ ہے کہ ان کو ملک کا حاکم بنادے گا جیسا ان سے پہلے لوگوں کو حاکم بنایا تھا اور ان کے دین کو جسے اس نے ان کیلئے پسند کیا ہے مستحکم و پائیدار کرے گا اور خوف کے بعد ان کو امن بخشے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے اور میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بنائیں گے۔ اور جو اس کے بعد کفر کرے تو ایسے لوگ بدکردار ہیں۔ اور نماز پڑھتے رہو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور پیغمبر خدا کے فرمان پر چلتے رہو تاکہ تم پر رحمت کی جائے۔ وآخِرُ الدَّعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔ 'کوئسچنز آور' میڈم ثوبیہ شاہد، 2493۔

* 2493 _ محترمہ ثوبیہ شاہد: کیا وزیر کھیل و سیاحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے مالی سال 15-2014 میں محکمہ کو مختلف مدات میں ترقیاتی فنڈ ملا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ مالی سال میں ملنے والی رقم کو کہاں کہاں کتنا کتنا خرچ کیا گیا اور کتنا فنڈ منقضی ہوا، تفصیل فراہم کی جائے، نیز منقضی ہونے کی وجوہات بھی فراہم کی جائیں؟

جناب محمود خان (وزیر کھیل و سیاحت): (الف): جی ہاں، یہ درست ہے کہ مالی سال 15-2014 میں محکمہ کو مختلف مدات میں ترقیاتی فنڈ ملا ہے۔

(ب): تفصیلی جواب ایوان کو فراہم کر دیا گیا ہے۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ یہ کوئسچن ہے: آیا یہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے مالی 15-2014 میں محکمہ کو مختلف مدات میں ترقیاتی فنڈ ملا؟ پھر سر! اس کا یہ Answer ملا ہے اور میرے خیال میں سب کے ساتھ ہے، اس میں 22% جو ہے وہ Lapsed ہو چکا ہے تو یہ کیوں ہو گیا ہے؟ اور 55 ملین روپے ان کو ملے تھے، 43 استعمال ہو چکے ہیں، 11 ملین استعمال میں نہیں لائے گئے۔

Mr. Speaker: Minister Concerned, please, Mehmood Khan!

وزیر برائے کھیل و سیاحت: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ میڈم نے جو کوئسچن کیا ہے، یہ اے ڈی پی 15-2014 کے بارے میں ہے۔ اس میں ٹوٹل جو ابھی انہوں نے کوئسچن پوچھا ہے، پوری ڈیٹیل تو ان کو Provide کر دی گئی ہے اس میں، اس میں اس طرح تھا 15-14 کو ون بلین، ایک ارب بتیس کروڑ روپے کی اے ڈی پی تھی، سپورٹس، ٹورازم، کلچر، یوتھ آفیئر، سب کے لئے، اس میں سے Utilization تھی ایک ارب پندرہ کروڑ، باقی اس میں Utilize نہیں کر سکے تھے، Lapsed ہو گئے تھے، ابھی جو اے ڈی پی 15-16 تھی، اس میں ون بلین 32 کروڑ کی وہی اے ڈی پی تھی اور اس میں تقریباً کوئی Over and above ہم چلے گئے تھے اس میں سے، جو 15-14 میں ان سے Lapsed اے ڈی پی تھی، وہ 16-15 میں ہم سے اوپر

گئے ہیں، تو میرے خیال میں اگر ڈیپارٹمنٹ سے کچھ Utilization میں کمی آگئی تھی، اس وقت 15-2014 میں لیکن 16-15 میں ہم Over and above گئے ہیں۔

جناب سپیکر: جی میڈم!

محترمہ ثوبیہ شاہد: جی مجھے تو سمجھ نہیں آئی کہ منسٹر صاحب نے کیا بولا ہے؟ لیکن جو مجھے ملا ہے، اس میں یہ لکھا ہے کہ اس میں 11 ملین جو ہے، 11.336، یہ Lapsed ہو چکے ہیں۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! آپ اس کے ساتھ ایک Personally بھی مل لیں تاکہ اگر اس کی کوئی Queries ہوں، وہ آپ اس کو کر لیں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: ٹھیک ہے سر۔

جناب سپیکر: تو۔

وزیر کھیل و سیاحت: میڈم جو بھی کہے گی، میں ان کے ساتھ میٹنگ کر لوں گا، ان کے جو بھی تحفظات ہیں، میں دور کروں گا۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے میڈم؟

محترمہ ثوبیہ شاہد: جی بالکل، تھینک یو۔

Mr. Speaker: Next, 2460, Madam Sobia Shahid.

* 2460 _ محترمہ ثوبیہ شاہد: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ: (الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع چترال کے DHQ ہسپتال میں قائم کالونی ہسپتال کے ملازمین کیلئے بنائی گئی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ کلاس فور ملازمین کیلئے مختص کمرے دوسرے کیڈر کے ملازمین کو دیئے گئے ہیں اور کچھ کمرے غیر متعلقہ لوگوں کو بھی الاٹ کئے گئے ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2012 سے مذکورہ کالونی میں رہائش پذیر عملہ کی تفصیل بمعہ نام و عہدہ فراہم کی جائے، نیز کالونی میں کمرے الاٹ کون کرتا ہے، مذکورہ کمروں میں غیر متعلقہ لوگ کیوں رہ رہے ہیں، وجہ بتائی جائے؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) مذکورہ کالونی ڈاکٹرز اور کلاس تھری سٹاف کیلئے بنائی گئی ہے، اس میں کلاس فور ٹائپ کوارٹرز موجود نہیں ہیں تاہم کلاس فور برادری کی مجبوری کو دیکھتے ہوئے انہیں بھی کچھ کمرے الاٹ کئے گئے ہیں۔ مذکورہ کالونی میں دوسرے محکموں کے لوگ بھی رہائش پذیر ہیں جن کو ضلعی انتظامیہ نے الاٹمنٹ کیا ہے۔

(ج) مذکورہ کالونی میں الاٹمنٹ کا اختیار میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کو حاصل ہے تاہم ضلعی انتظامیہ نے بھی 5 بنگلے اور 6 کوارٹرز دوسرے محکموں کے اہلکاروں کو الاٹ کئے ہیں جن کو خالی کروانے کا نوٹس دے دیا گیا ہے۔ مذکورہ کالونی میں الاٹمنٹ کی تفصیل ایوان کو فراہم کر دی گئی ہے۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: سر، سر! میں نے ڈیڑھ سال پہلے یہ کوسچن جمع کیا تھا، یہ ابھی آیا ہے اور یہ جو پرابلم تھا، ابھی Solve ہو چکا ہے۔

<u>Mr. Speaker:</u> Thank you. Question No. 2447, Madam Sobia Shahid.

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: جناب سپیکر صاحب! 2467، یہ Friday کو میں موجود نہیں تھی اور اس کی جو ڈیٹیلز ہیں، یہ تھوڑی سی بہت زیادہ ہیں اور اس پہ مجھے سٹڈی کرنی پڑے گی، تو اگر یہ کل یا دو دن بعد آ جائے تو میں اس کی سٹڈی کر کے آپ کو اس کا دے دوں گی۔

<u>Mr. Speaker:</u> Okay, okay. Next.

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: تو اس کو پینڈنگ کر دیں سر! تھینک یو۔

<u>جناب سپیکر</u>: Next 2441 میڈم ثوبیہ شاہد، ان دونوں کو ہم بعد میں لے لیں گے، ٹھیک ہے؟

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: ٹھیک ہے، دونوں، دو جو کوسچنز ہیں، یہ بعد میں لے لیں گے۔

<u>Mr. Speaker</u>: 2847, Mufti Fazal Ghafoor, lapsed-----

<u>Ms: Sobia Shahid</u>: Sir!

<u>Mr. Speaker</u>: 3531, Mufti Fazal Ghafoor, lapsed-----

<u>Ms: Sobia Shahid</u>: Sir!

<u>Mr. Speaker</u>: Ji, ji Madam.

<u>Ms: Sobia Shahid</u>: Sir! 2441.

<u>Mr. Speaker</u>: 2441?

<u>Ms: Sobia Shahid</u>: Yes.

<u>Mr. Speaker</u>: One minute.

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: اس کے بعد۔

جناب سپیکر: جی جی، وہ میں نے، دونوں ایک ساتھ لے لیں گے۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: نہیں سر، اس سے پہلے بھی ایک ہے، یہ پانچ کوئسچنز ہیں میرے اور اس کا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اوکے، تینوں ہو گئے، ٹھیک ہے، تین ہو گئے۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: نہیں سر، اس کا میں ذرا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کدھر ہے؟ میں نے نہیں دیکھا۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: سر، اس کا ایک ایشو ہے، اگر Next time یہ آئے تو اس کی صرف معمولی سی، جو اس نے مجھے رپورٹ دی ہوئی ہے، اس میں کوئی ڈیٹ نہیں لکھی، نہ کسی حلقے کا بتایا ہے کہ کونسے حلقے کو، میں نے کوئسچن کیا ہے کہ کس حلقے سے بھرتیاں کروائیں لیکن یہ Couple of time اس طرح ہوا ہے کہ یہ لوگ جب رپورٹ دیتے ہیں تو اوپر سے ڈیٹ بھی نہیں ہوتی اور نہ اس کا کوئی نمبر ہوتا ہے، خالی پیج بھجوا دیتے ہیں۔

جناب سپیکر: اس کو چیک کر لیں گے۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: ٹھیک ہے سر۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔ مفتی فضل غفور، 2847, 3531 Lapse۔ جناب ملک نور سلیم، 3502۔

* 3502 _ جناب نور سلیم ملک: کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے کچھ اضلاع کے بنیادی صحت کے مراکز (بی ایچ یو) کو پی پی ایچ آئی (PPHI) کے حوالہ کیا گیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کن کن اضلاع کیلئے بی ایچ یو کو پی پی ایچ آئی کے حوالے کیا گیا ہے، نیز بی ایچ یو کو پی پی ایچ آئی کی حوالگی کیلئے کیا معیار (Criteria) مقرر کیا گیا ہے، اس کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) اس سلسلے میں عرض ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا کے 17 اضلاع کے بنیادی مراکز صحت PPHI کے حوالے کیے گئے ہیں جن کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

	نام ضلع		نام ضلع
1۔	پشاور	2۔	مردان
3۔	چارسدہ	4۔	نوشہرہ

5۔ صوابی 6۔ ملاکنڈ
7۔ سوات 8۔ شانگلہ
9۔ اپردیر 10۔ چترال
11۔ کوہاٹ 12۔ بنوں
13۔ لکی مروت 14۔ کرک
15۔ ایبٹ آباد 16۔ ہری پور
17۔ مانسہرہ

مزید برآں عرض ہے کہ PPHI پروگرام جو ابتدائی طور پر وفاقی حکومت نے 2005 میں President Primary Health Care Initiative کے نام سے صوبہ پنجاب کے رورل سپورٹ پروگرام کے ذریعے شروع کیا تھا جس کو بعد میں پاکستان کے تمام صوبوں بشمول صوبہ خیبر پختونخوا نے بھی یکساں طور پر اختیار کیا۔ جہاں تک بنیادی مراکز صحت کو PPHI کی حوالگی کیلئے معیار (Criteria) کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں ضلع میں First Level Health Care Facilities (FLCF) کی سطح پر صحت کی خدمات کی فراہمی میں بہتری لانا، صحت سے متعلق موجود عملے (ہیومن ریسورس) کو بہتر طور پر استعمال میں لانا اور جہاں پر عملے کی ضرورت ہو، ان کی بروقت تقرری کرنا اور ان کا استعداد کار بڑھانا، مانیٹرنگ اور نگرانی کا مؤثر نظام وضع کرکے ان مراکز صحت کی سہولیات کو مفاد عامہ کے بہترین استعمال میں لانا شامل ہے۔

<u>جناب نور سلیم ملک</u>: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! کوسچن نمبر 3502، جناب سپیکر، یہ سوال بہت پہلے پوچھا گیا تھا، تو اب تو خیر میرا جہاں تک خیال ہے منسٹر صاحب اس کی وضاحت کریں گے کہ پی پی ایچ آئی اب Active ہے کہ نہیں ہے؟ ہمارے صوبے میں اگر وہ Active نہیں ہے تو یہ بتادیں گے اور اگر Active ہے تو پھر میں مزید بات کروں گا اس پر۔

<u>جناب سپیکر</u>: جناب شہرام خان!

<u>سینیئر وزیر (صحت)</u>: شکریہ جناب سپیکر۔ ایم پی اے صاحب نے سوال کیا، شکریہ جی، پی پی ایچ آئی کی اور ہماری گورنمنٹ کی ایک ایگریمنٹ ہے لیکن ابھی Recently پی پی ایچ آئی نے Withdrawal کی ریکویسٹ

بھیجی ہے کہ ہم اس سے آگے اور Continue نہیں کر سکتے، تو سمری چیف منسٹر کو گئی ہے کہ وہ خود ہی اس کو دیکھ کے تو اس پہ Obviously Final decision لیں گے، So, I hope he will satisfy from the Minister.

<u>جناب سپیکر</u>: ملک صاحب، پلیز۔

<u>جناب نور سلیم ملک</u>: سپیکر صاحب! منسٹر صاحب نے کہا کہ سمری گئی ہوئی ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ابھی تک ان کا Takeover ہے بی ایچ یوز جوان کے پاس تھے تو جناب سپیکر! میرا ایک سوال ہے اس سلسلے میں بہت اہم کہ بی ایچ یو مشا منصور لکی مروت میں ڈسپنسر کی پوسٹ خالی ہے اور یہاں پہ لکھا گیا ہے کہ ہم عملے کی فراہمی ہیومن ریسورس کو بہتر طور پر استعمال کرنا اور جہاں پر عملے کی ضرورت ہو، اس کی بروقت تقرری کرنا، تو تقریباً ستمبر 2014 سے میں اس کے پیچھے لگا ہوا ہوں کہ وہاں پر پوسٹ خالی ہے اور اس پر کسی کی تعیناتی کی جائے تو ابھی تک وہاں پر نہیں کی گئی، تو یہ کیا وجہ ہے اور کیوں یہ لوگ اس کو اتنا آسان لے رہے ہیں؟ تو پھر تو اسے کمیٹی میں بھیج دینا چاہیے تاکہ وہاں پر پتہ لگے کہ پی پی ایچ آئی نے کیوں کمزوری کی؟

<u>جناب سپیکر</u>: شہرام خان، پلیز۔

<u>سینیئر وزیر (صحت)</u>: دیکھیں جی پرانا سوال ہے، میں ایم پی اے کی بات سے Disagree نہیں کروں گا لیکن معلومات کر کے میں ایم پی اے صاحب کو بتا سکتا ہوں کہ کس وجہ سے، یا ہے یا نہیں ہے یا کیا وجہ ہے؟ اگر یہ Satisfy نہیں ہوتے تو اس کے بعد اگر یہ کمیٹی میں لے جانا چاہتے ہیں تو کوئی ایشو نہیں ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: ملک صاحب! سیکرٹری صاحب بھی ادھر ہیں۔

<u>سینیئر وزیر (صحت)</u>: سیکرٹری صاحب بھی ہیں، بریک میں مل لیں گے ان شاء اللہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: اگر آپ مل لیں تو جو بھی ہے تو یہ حل کر دیں گے، ٹھیک ہے۔

<u>سینیئر وزیر (صحت)</u>: مسئلہ حل کر دیں گے۔ ٹھیک ہے جی، تھینک یو۔

<u>جناب سپیکر</u>: 3501، جناب ملک نور سلیم!

* 3501 _ جناب <u>نور سلیم ملک</u>: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ: (الف) آیا یہ درست ہے کہ لکی مروت کیلئے ادویات اور مشینری بی ایچ یوز، آر ایچ سیز اور ہسپتالوں کیلئے خریدی گئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کس طریقہ کے تحت خریدی جاتی ہیں، نیز کن کن بی ایچ یوز، آر ایچ سیز اور ہسپتالوں کیلئے 2014 تا 2016 میں جو ادویات و مشینری خریدی گئی ہیں، کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) اس سلسلے میں عرض ہے کہ مذکورہ صحت کے مراکز اور ہسپتالوں کیلئے تمام ادویات (MCC, DMC) کی منظور شدہ لسٹ کے مطابق خریدی جاتی ہیں جس میں ادویات کے نام، کمپنی اور قیمت پہلے سے متعین شدہ ہوتے ہیں، بی ایچ یوز، آر ایچ سیز اور ہسپتالوں کی مشینری کی خریداری کیلئے باقاعدہ اخبارات میں اشتہار دیا جاتا ہے جس کی خریداری اور معائنہ کیلئے باقاعدہ طور پر منظور شدہ کمیٹیاں بنائی گئی ہیں جس میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، الیکٹرو میڈیکل انجینئر، ڈپٹی کمشنر آفس کا نمائندہ اور متعلقہ سپیشلسٹ کمیٹی کے ممبر ہوتے ہیں، فرم، کمپنی کو ادائیگی تصدیق (Verification) کمیٹی کی جانچ پڑتال اور تصدیق کے بعد کی جاتی ہے، ضلع لکی مروت کے بی ایچ یوز، آر ایچ سیز، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اور سٹی ہسپتال لکی مروت کیلئے 15-2014 تا 16-2015 خریدی گئی ادویات، ویکسین، مشینری کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

جناب نور سلیم ملک: تھینک یو، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! میں نے اس سوال میں پوچھا تھا کہ لکی مروت کی ادویات اور مشینری، بی ایچ یو، آر ایچ سیز اور ہسپتالوں کیلئے خریدی گئی ہیں؟ جواب تھا، جی ہاں، اور پھر پوچھا تھا کہ اس کی تفصیل فراہم کی جائے، 2014 سے لیکر 2016 تک؟ جناب سپیکر! مجھے یہ تفصیل ملی ہے جو مختلف ہسپتالوں، بی ایچ یوز اور آر ایچ سیز کو جو ایکوپمنٹ یا دوائیاں Provide کی گئی ہیں۔ اب جناب سپیکر! یہ میرے پاس تو کاپی ہے I don't know کہ اور لوگوں کے پاس بھی ہے کہ نہیں ہے؟ تو یہاں پہ اگر ہم دیکھیں کہ List of equipments / instruments, furniture bedding clothing to be purchased for type D Hospital Tetarkhel District Lakki Marwat, during financial year 2014-15 سپیکر صاحب، یہاں پہ حیرانی کی بات یہ ہے کہ اس میں یہ جو آر ایچ سی ہے، وہ میرے گاؤں کے اندر ہے اور حیرت ناک بات یہ ہے کہ کئی دفعہ میں نے اس کا وزٹ کیا، یہاں پہ لکھا ہے 117 نمبر پر الیکٹرک واٹر کولر خریدے گئے ہیں، بیس تعداد میں، Total quantity ہے بیس۔ اسی کے بعد لکھا ہے، 120 نمبر پہ پھر لکھا ہے کہ الیکٹرک واٹر کولر خریدے گئے ہیں دس، تو ایک سال میں تیس واٹر کولر

خریدے ہیں اور میں نے وہاں پر ایک بھی واٹر کولر نہیں دیکھا ہے جو لگا ہو، تو 15-2014 میں اگر یہ واٹر کولر خریدے گئے تو وہ کہاں گئے؟ یہ ایک مثال ہے، میں منسٹر صاحب کو اور بھی مثالیں دے سکتا ہوں۔ یہاں پہ ویل چیئر کا ذکر کیا گیا ہے جس میں لکھا ہے کہ ویل چیئرز جو ہے وہ پندرہ خریدی گئیں، وہاں پہ صرف چھ ویل چیئرز موجود ہیں جس کا میں نے خود وہاں پہ دیکھا ہے۔ اس کے علاوہ Oxygen Cylinder with gauge and trolley لکھے ہیں، دس لکھے ہوئے ہیں یہاں پہ، وہاں پہ ایک بھی ٹرالی اور آکسیجن سلنڈر موجود نہیں ہے۔ یہ تو صرف ایک ہاسپٹل کی بات ہے، اگر میں آگے چلوں تو اس میں اور بھی بی ایچ یوز اور آر ایچ سیز دیئے ہوئے ہیں، یہ میرے پاس، سپیکر صاحب! آپ کی توجہ چاہتا ہوں، یہ میرے پاس وہ لسٹ ہے جو کہ ان بی ایچ یوز سے میرے پاس آئی ہے جہاں پر دوائیوں کا ذکر کیا گیا ہے، جو دوائیاں یہاں پر مجھے محکمہ صحت نے فراہم کی ہیں، جو Receive ہوئی ہیں، اس میں اور ان میں بہت زیادہ فرق ہے۔ تو جناب سپیکر! میری یہ استدعا ہوگی کہ اس سوال کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ پتہ لگے کہ کیسے Manage کیا جاتا ہے ایکوپمنٹ کو اور ایکوپمنٹ کا پتہ کیوں نہیں ہوتا اور اگر وہ یہاں لکھ کر دے رہے ہیں، تو پھر وہ وہاں On ground موجود کیوں نہیں ہیں اور اس کی مینجمنٹ کس طریقے سے کی جاتی ہے؟ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: شہرام خان، پلیز۔

<u>سینیئر وزیر (صحت)</u>: شکریہ سپیکر صاحب۔ ایم پی اے صاحب نے بات کی، پوری ڈیٹیل ان کو دی گئی ہے اور میری پھر یہ ریکویسٹ ہوگی کہ جو ہے وہ ہے، جہاں پہ غلطی ہے اس کو کوئی چھپانے کی ضرورت نہیں ہے، اگر کوئی غلطی کر رہا ہے، اس کو Rectify کرنا ہے اور جو غلط کر رہا ہے، اس سے قانون کے مطابق پوچھنا چاہیے۔ تو اس میں مجھے کوئی ایشو نہیں ہے، میری ریکویسٹ یہ ہوگی کیونکہ سر! یہ پہلے سوال پہ بات کی گئی تو بریک کے بعد اگر ہم سیکرٹری صاحب ہیں اور ایم پی اے صاحب ان کے ساتھ ہم ایک ٹیم بھی بنالیں اور ان کے جو ہاسپٹلز جن کی یہ بات کر رہے ہیں ادھر، اسی ہفتے اگر یہ چاہتے ہیں یا اگلے ہفتے، جیسے ان کو Convenient ہو، ٹیم ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی Along with honorable MPA Sahib، یہ چلے جائیں، On ground دیکھ لیں کہ کیا کیا چیزیں ہیں، کیا Missing ہے، کیا نہیں ہے؟ تو میرے خیال سے There and then چیزیں بالکل کلیئر ہو جائیں گی اور اگر اس کے بعد بھی ان کو لگتا ہے کہ اس پہ کوئی ایکشن ہونا چاہیے یا کمیٹی بھیجنا چاہیے،

اس میں مجھے کوئی اعتراض نہیں ہو گا لیکن Quick solution اس کا یہ ہو گا کہ سیکرٹری کے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں، ان کی موجودگی میں ٹیم چلی جائے گی اور ساری چیزیں خود ہی دیکھ لیں گے، تو ان کا حلقہ ہے، یہ وزٹ بھی کر لیں گے Along with the Health Department اور ہمیں ایک کلیئر پکچر سامنے آ جائیگی۔

<u>جناب سپیکر</u>: ملک نور سلیم۔

<u>سینیئر وزیر (صحت)</u>: جس میں غلطی ہو گی، فلور آف دی ہاؤس پہ کہہ رہا ہوں، اس کو بالکل نہیں بخشا جائے گا۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی ملک صاحب۔

<u>جناب نور سلیم ملک</u>: سپیکر صاحب! منسٹر صاحب نے بالکل بہت اچھی بات کی اور میں Appreciate کروں گا کہ منسٹر صاحب جو اپنے محکمے کیلئے کر رہے ہیں مگر سپیکر صاحب! میری استدعا یہ ہو گی کہ بالکل ٹھیک ہے ہم چلے جائیں گے اور ڈیپارٹمنٹ بھی چلا جائے گا لیکن میں چاہوں گا، کیونکہ پہلے بھی کئی دفعہ ایسا ہو چکا ہے کہ اس کو ہم ریفر کر دیتے ہیں سٹینڈنگ کمیٹی کو اور ساتھ ہی ساتھ Along with that ہم یہ دوسرا پراسیس بھی چلا لیتے ہیں، اگر چیزیں صحیح ہوئیں اور جیسے میں نے کہا ہے وہ ویسے ہی ہوا تو پھر سٹینڈنگ کمیٹی میں اس کو ختم کر دیں گے جو ہے نا لیکن اس کو ریفر کر دیا جائے سٹینڈنگ کمیٹی کو۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی شہرام خان۔

<u>سینیئر وزیر (صحت)</u>: میں پھر Repeat کر رہا ہوں جی، مجھے یہ کمیٹی سے کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن اگر بریک میں بیٹھ کے ایک Understanding create کر کے وہاں پہ چلے جائیں، دیکھ لیں، اگر یہ Satisfied نہیں ہیں Then it can go، اب مقصد یہ ہے کہ ہاسپٹل میں چیک کیا جائے کہ جو فیسیلیٹیز Provide کی گئی ہیں، وہ ہیں کہ نہیں ہیں؟ اگر ہیں تو ٹھیک ہے، اگر نہیں ہیں تو ریکارڈ پہ آئے کہ کہاں گئیں؟ تو On ground check کر لیا جائے گا، مسئلے کا حل بھی آ جائے گا اور ایک Quick وہ بھی آ جائے گا، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، اگر یہ کمیٹی میں جانا چاہتے ہیں لیکن میرے خیال سے اس سے جلدی ریزلٹ مل جائے گا، باقی ایم پی اے صاحب کی وہ ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی، ایم پی اے صاحب، ملک نور سلیم خان!

جناب نور سلیم ملک: جی سر۔ سر! جیسا میں نے کہا، یہ ٹھیک ہے ہم لوگ اپنا پراسیس بھی جاری رکھیں گے مگر پھر دوبارہ اسمبلی آئیں گے۔

جناب سپیکر: نہیں، اگر میں ایک ہفتے کیلئے اس کو کسچن کو ڈیفر کروں؟

جناب نور سلیم ملک: ایسا کریں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ڈیفر کریں اور آپ اگر مطمئن ہوں تو ٹھیک ہے Otherwise اس کو میں پھر لے لیتا ہوں۔

جناب نور سلیم ملک: ٹھیک ہے سر! ڈیفر کر لیتے ہیں اور پھر منسٹر صاحب کے ساتھ بیٹھ کے کر لیں گے۔

جناب سپیکر: 3582، جناب یاسین خلیل صاحب۔

* 3582 _ جناب یاسین خان خلیل: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈاکٹر صاحب گل سال 2010ء سے MNCH پروگرام میں تعینات ہیں اور 2013 سے صوبائی کوآرڈینیٹر (Provincial Coordinator) MNCH کام کر رہا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ڈاکٹر کے خلاف مختلف قسم کی انکوائریاں بھی ہوئی ہیں جو کہ ایس او (ڈرگ) ابراہیم اور ڈپٹی ڈائریکٹر EPI طاہر ندیم نے کی ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ڈاکٹر غیر قانونی طریقے سے پراونشل کوآرڈینیٹر بنا ہے اور یہ کہ ان کی MBA کی ڈگری الخیر یونیورسٹی آزاد جموں کشمیر کی ہے اور عین اسی وقت جب وہ الخیر یونیورسٹی کے طالب علم تھے مذکورہ ڈاکٹر ملازمت بھی کر رہا تھا اور محکمہ سے چھٹی یا NOC بھی نہیں لی گئی تھی؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ ڈاکٹر کے خلاف کی گئی، انکوائری اور ڈگری کی مکمل معلومات فراہم کی جائیں؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) اس سلسلے میں عرض ہے کہ مذکورہ انکوائری ایم این سی ایچ پروگرام کے متعلق تھی نہ کہ مذکورہ ڈاکٹر کے خلاف، مزید برآں یہ انکوائریاں مختلف اوقات میں مختلف کمیٹیوں کے ذریعے ہوئی تھیں۔

(ج) اس سلسلے میں عرض ہے کہ مذکورہ ڈاکٹر کو وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے احکامات کی روشنی میں پراونشل کوآرڈینیٹر ایم این ایچ سی پروگرام 2013 میں تعینات کیا گیا۔ مذکورہ ڈاکٹر نے ایم بی اے (ہیلتھ پلاننگ اینڈ

مینجمنٹ) کی دو سالہ ڈگری پروگرام الخیر یونیورسٹی سے رجسٹریشن نمبر AUR(B.A) 132-1998 اکتوبر 2000ء کو پاس کیا ہے۔

(د) جیسا کہ جز (الف)، (ب) اور (ج) میں عرض کیا گیا ہے کہ مذکورہ ڈاکٹر کی تعیناتی وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے احکامات کی روشنی میں کی گئی ہے اور انکوائری جس کا ذکر جز (ب) میں کیا گیا ہے، ایم این سی ایچ پروگرام کے متعلق تھی اور یہ کہ ایم بی اے کی ڈگری الخیر یونیورسٹی سے اکتوبر 2000ء میں لی گئی ہے، انکوائری رپورٹ کی کاپی مذکورہ ڈگری کے کوائف ایوان کو فراہم کی گئی ہے۔

<u>جناب یاسین خان خلیل</u>: مهربانی سپیکر صاحب۔ دا یو کوئسچن وو جی، ډیرې ورځې مخکښې مې جمع کړے وو خو دا محکمې جواب مکمل غلط مونږ ته راکړے دے جی، کوآرډینیټر ایم این سی ایچ د ده د بچ کولو د پاره ئے مکمل کوشش کړے دے۔ سوال دے ،آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ ڈاکٹر کے خلاف مختلف قسم کی انکوائریاں ہوئی ہیں؟ جواب راغلے دے جی چې، انکوائریاں ایم این سی ایچ پروگرام کے بارے میں ہوئی ہیں، کوآرڈینیٹر کے بارے میں نہیں، ټولې دستخطې د کوآرډینیټر دی، فائلونه ټول هغه سائن کړی دی او د هغه خلاف انکوائریانې شوې دی او دوئ وائی چې مونږ، مطلب دا دے چې هغه پکښې هډو Involve نه دے، د دې پروګرام خلاف شوے، یو خو دا خبره ده، دویم جی دا دے چې، مذکورہ ڈاکٹر غیر قانونی طریقے سے پراونشل کوآرڈینیٹر بنا ہے اور یہ کہ ان کی ایم بی اے کی ڈگری الخیر یونیورسٹی آزاد جموں وکشمیر کی ہے اور عین اسی وقت جب وہ الخیر یونیورسٹی کے طالبعلم تھے، مذکورہ ڈاکٹر ملازمت بھی کر رہا تھا اور محکمے سے چھٹی یا این او سی بھی نہیں لی گئی۔ جواب دوئ ورکړے دے چې وزیر اعلیٰ کے احکامات کی روشنی میں یہ آرڈرز ہوئے ہیں۔ دا د محکمې ذمه واری ده چې وزیر اعلیٰ صاحب ته اووائی چې دا پوسټ د Nineteen دے او یو جونیئر Junior most سړے د اتهاره ګریډ په هغې ځنګه تعینات شوے دے؟ دا د ده ذمه واری ده چې دا د هغوی ته اووائی، بل دا هم نه دی لیکلی چې وزیر اعلیٰ صاحب کوم ځائې کښې احکامات ورکړی دی، په فون ئے ورکړی دی، که نه Written کښې ئے ورکړی دی، دا هم پته نه لګی۔

جناب سپیکر: ہاں منسٹر صاحب، شہرام خان۔

سینیئر وزیر(صحت): گورہ جی یاسین خان خبرې اوکړې، کوم کوئسچن ئے چې ورکړے دے ، د هغې بالکل پیپرز ورسره Attach دی دېAnswer سره چې څه څه دی او بله خبره دا ده جی چې کوم څیزونه ډیپارټمنټ وائی، Obviously هغه به Justify کوی، هغه خو اسمبلی ته غلط انفارمیشن ډیپارټمنټ نشی ورکولے چې کوم Answer ئے ورکړے دے ، بالکل کوم سوال ئے راغلے دے ، Exact خپل جواب ئے ورله ورکړے دے۔ تر څو پورې د دوئ د کوالیفکیشن خبره کیږی، کوالیفکیشن خو هائرنگ کښې کیږی، چې کله هائرنگ کیږی، هغه ټائم ټول ډگریز اخلی او شے چیک کیږی، د هغې نه پس پی ایس بی کیږی، په پی ایس بی کښې چې کله پروموشنز کیږی، هم د هغوی کوالیفکیشن او هر یو شے چیک کیږی، نو دا یو پیره به نه وی چیک شوی، په ټائم آف اپوائنټمنټ شوی دی، په ټائم آف پروموشن شوی دی نو دا چې کوم دے نو څه وائی ورته د هغه د لاندې شوی دی۔ بل دا ده چې کوم دغه دے سمری چیف منسټر سائن کړې ده، دا پی سی ون پیپر دے ، په هغې باندې د سمری اپروول او هر یو شے شوے دے ، هغه ټول څیزونه Justified دی، مطلب دا دے چې داسې پکښې څه دغه نشته، بهرحال بیا هم یاسین خان ته اعتراض کیږی یا دوئ ته لګی چې دا انفارمیشن ټهیک نه دے ، زما به دوئ ته دا ریکویسټ وی، سیکرټری هیلتھ هم ناست دے ، ډیپارټمنټ کښې به کښینو، دوئ د خپل اوښائی، مونږ به ورته، ډیپارټمنټ به ورته اووائی چې دا دا د دې Answers دی And I hope چې هغه به دوئ Satisfied کوی که د دوئ Queries وی نو هغه به هم ورته وائی خو تر څو پورې چې څه سوالات دی، د هغې جوابات بالکل ډیپارټمنټ ورکړی دی او ټول څیزونه ئے ورته کلیئر کړی دی۔

جناب سپیکر: یاسین خان! که دا تاسو هم دوئ سره کښینئ نو-----

جناب یاسین خان خلیل: سپیکر صاحب! یو خو دا جی زه لږ ریکویسټ کومه، دا ما جی end 2014 کښې دا سوال جمع کړے وو، پکار ده چې اسمبلئ نه مخکښې پرې

ډسکشن شوے وے۔ دیکښې ما مکمل انکوائری کړې، منسټر صاحب د صرف ماله دا جواب راکړی چې یو سړے دوه کاله کورس کوی، دوه کاله کورس په آزاد کشمیر کښې، دا نه چې دلته پشاور یونیورسټی کښې یا بل ځه کښې او Same time دلته هم Signature موجود دی، هلته Exam هم ورکړی او هلته ئے کلاسونه هم اخستی، دا خو یو کریمینل کیس دے جی، دیکښې مطلب دا دے چې منسټر صاحب، دا خو زمونږ د پارټئ د عمران خان د نظریې،د Manifesto بالکل خلاف یو قصه روانه ده، دوه کاله هغه کورس کړے دے، بل دا کورس ئے په2000 کښې کړے دے او ډگری ئے بیا راوړې ده په 2013 کښې، ځکه چې هغه پوسټ د دغه ډگرئ نه بغیر نه کیدو نو 2013ء هغه ئے راوړې ده خو ما ته د صرف دا اووائی چې ده دوه کاله کورس کولو، آیا ده له ډیپارټمنټ این او سی ورکړې ده، آیا ده له ډیپارټمنټ چھټی ورکړې ده، چھټی او این او سی چې نه وی نو هغه په یو ټائم دوه ځایونو کښې څنگه کار کولې شی؟ دلته نوکری هم کوی او هلته دغه هم ئے کړے دے، هلته ئے کلاسونه هم Attend کړی دی۔

<u>جناب سپیکر</u>: ہاں جی شہرام خان۔

<u>سینئر وزیر (صحت)</u>: گوره جی داسې کار دے چې کوم سوال دے د هغې جواب ئے ورکړے دے، دوئ که وائی چې هغه این او سی نه ده اخستې یا هغه دوران سروس ډگری اخستې ده، د هغې به یو Justification یا به داسې هوا کښې نه وی، زما په خیال چې کوم به بالکل کلیئر وی، هغه رولز ریگولیشنز به Follow کوی، هله به دا کار کیږی، که هغه نه Follow کوی نو زه بیا دا وایم چې پی ایس بی کښې به پروموشن څنگه کیږی، هائرنگ به څنگه کیږی؟ دا ټول پراسیس یو طریقه کار د لاندې کیږی، یو Date کښې ته گړېږ کولې شې خو راروان پینځو کالو کښې، لسو کالو کښې چې هر څومره سروس دے، په هغې کښې سړے Continuously گړېږ نشی کولے۔ زما په خیال دا څیزونه به کلیئر وی، زه به بیا ایم پی اے صاحب ته ریکویسټ اوکړم چې دوئ کوم کوئسچن Raise کوی At this very moment زه دوئ له

جواب ځکه چې کوم هغه سوال دے ، د هغې جواب ورکړے شوے دے ،که Further دوئ ډیټیلز غواړی، کښینی دې راسره۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شهرام خان ، دا کوئسچن زه ډیفر کوم، یاسین خان! دا به تاسو راکړئ، زه ډیفر کومه۔

جناب یاسین خان خلیل: سپیکر صاحب! یو منټ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، یاسین خلیل خان۔

جناب یاسین خان خلیل: زه دا وایمه جی، چې دوئ ته ما کلیئر کټ، ما ورته وئیل چې دا 2014 کښې ما کوئسچن کړې چې ما ته صرف دا اووائی چې دلته د Exam ورکولو این او سی ده اخستې ده، که چهټی نه ده اخستې، هغه ما غټ غټ لیکلی دی، دوئ جواب کښې هغه ګول کړے دے ،هغې هډو ذکر ئے نه دے کړے۔ یو خو منسټر صاحب له پکار دی چې دا جواب ئے غلط ولې ورکړے ، بد نامی خو د ده کیږی، غلط جواب ئے راکړے دے۔ بل جی دا ما ته پته ده،دا به کمیټئ ته لاړ شی، کمیټئ ته چې کله د اسمبلئ پهلنے کوئسچن چې کوم اسمبلئ ته تلے ، ما ته د د هغې جواب راکړی چې اوسه پورې د هغې څه ریزلټ وتلے دے ؟ یو جواب هم نه راځی، زه دا وایم، منسټر صاحب ته ریکویسټ کوم چېFive days د پاره د دے د دې پوسټ نه اخوا کړلې شی، که صفا شو او ده ثبوتونه راوړل خو واپس ئے د دې نه هم په غټ پوسټ اولګوئ ځکه چې هغه ډیر زیات Approachable سړے دے او که نه دے غلط وی او Guilty وی نو بیا ئےRemove کړئ، بل ده ته سزا ورکړئ او یو طرف ته ئے کړئ۔ دا زما ریکویسټ دے او دا مونږ باندې یو Question mark دے جی، زمونږ پارټی باندې، زمونږ حکومت باندې۔

جناب سپیکر: شهرام خان! دا خبره اوکړه، دې نه پس نیکسټ کوئسچن ته ځو۔ جی، شهرام خان!

سینئر وزیر (صحت): زما جی دا ریکویسټ دے ایم پی اے صاحب ته چې دے د مونږ سره کښینی، د ده کوم کوئسچنز دی Within the department هغه به ورته هغوی

مخامخ کیږدی، که رولز ریگولیشنز نه وی Follow شوی we will act accordingly.

جناب سپیکر: زه دا کوئسچن ډیفر کومه، Instead of د کوئسچن-----

Senior Minister (Health): We are not protecting any one, we are not here to protect any wrong doing, I do not do any wrong.

جناب سپیکر: یاسین خان! اس کوئسچن کو میں ڈیفر کرتا ہوں، نیکسٹ، آپ منسٹر صاحب کے پاس بیٹھ جائیں۔

جناب یاسین خان خلیل: ډیفر ئے کړئ جی، بالکل زه دا وایم چې هیلتھ ډیپارټمنټ کښې دا ایشو ډسکس کیږی او ستاسو بدنامی کیږی، ستاسو د صوبائی گورنمنټ بدنامی، ډیفر ئے کړئ خو نیکسټ اجلاس کښې به منسټر صاحب ما له صحیح جواب راکړی۔

Mr. Speaker: Okay, I defer this Question for next two days. 3506, Madam Najma Shaheen Sahiba.

محترمہ نجمہ شاہین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سپیکر صاحب! یہ 3504 ہے اس سے پہلے-----

Mr.Speaker: Sorry, three, sorry.

Ms: Najma Shaheen: 3504.

Mr. Speaker: Oh, yes, 3504.

* 3504 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال کوہاٹ میں شعبہ ایمرجنسی موجود ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ہسپتال ریگولر بنیادوں پر کام کر رہا ہے، اگر نہیں تو کیا حکومت ایمرجنسی کو ریگولر بنیاد پر چلانے کیلئے تیار ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) اس سلسلے میں عرض ہے کہ شعبہ ایمرجنسی میں ابتدائی طبی امداد فراہم کی جاتی ہے، بعد آزاں مریض کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہاٹ ریفر کیا جاتا ہے کیونکہ ہسپتال ہذا میں بنیادی ضروریات مکمل نہیں ہیں۔ ایمرجنسی کو ریگولر بنیاد پر چلانے کیلئے مندرجہ ذیل شعبہ جات کا ہونا ضروری ہے:

1۔ سرجیکل یونٹ 2۔ کارڈیالوجی یونٹ 3۔ برن یونٹ

4۔آرتھوپیڈک یونٹ 5۔ میڈیکل یونٹ 6۔نیوروسرجری

7۔ آئی سی یو 8۔ایم۔آر۔آئی 9۔سی ٹی سکین

10۔ڈیجیٹل ایکسرے

<u>محترمہ نجمہ شاہین:</u> میرا یہ کوئسچن جو ہے، یہ کافی عرصے سے چل رہا ہے لیکن انہوں نے جو جواب مجھے دیا ہے کہ طبی امداد فراہم کی جاتی ہے، جو چلڈرن ہاسپٹل ہے اور باقی جو ہیں ان کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کو ریفر کیا جاتا ہے لیکن جو یہاں انہوں نے شعبہ جات بتائے ہیں تو یہ وہاں پہ بھی موجود نہیں ہیں۔ میں منسٹر صاحب سے صرف یہی پوچھنا چاہوں گی کہ یہاں کوہاٹ میں میرے ضلع کی آبادی دس لاکھ پر مشتمل ہے، اس کے علاوہ تین چار لاکھ افغان مہاجرین ہیں، اس کے علاوہ ڈیڑھ دو لاکھ جو ہیں آئی ڈی پیز ہیں، تو یہ تمام لوگ کہاں جائیں اور جب ان کو ڈی ایچ کیو ریفر کیا جاتا ہے تو وہاں بھی یہ سہولیات نہیں ہوتیں اور ان کو پھر پشاور ریفر کر دیا جاتا ہے، تو میں صرف یہ پوچھنا چاہوں گی منسٹر صاحب سے کہ آخر یہ مذاق عوام سے کب تک ہوتا رہے گا؟

<u>جناب سپیکر:</u> جی شہرام خان۔

<u>محترمہ نجمہ شاہین:</u> ایک بار بھی منسٹر صاحب نے یا کسی سیکرٹری ہیلتھ نے۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> او کے، میڈم تھینک یو۔ شہرام خان، پلیز۔

<u>سینیئر وزیر (صحت):</u> شکریہ سپیکر صاحب، ایم پی اے صاحبہ نے کوئسچن کیا ہے، اس کا Accordingly جواب دیا گیا ہے کیونکہ ویمن اینڈ چلڈرن ہاسپٹل، ڈی ایچ کیو ہاسپٹل، لیاقت میموریل ہاسپٹل، یہ دو بڑے اور ان کے ساتھ یہ بڑے قریبی فاصلے پر یہ سارے ہاسپٹلز ہیں تو ایک ایمرجنسی سروسز بالکل Provide کی جاتی ہیں، جن ہسپتالوں میں جو Deficiencies ہیں، ان پہ Already paper work complete ہو گیا ہے۔ فنانس، چیف منسٹر نے ان کے ساتھ پیسوں کی Commitment، اور اس بجٹ میں ہے بھی کہ جو Equipments کی Deficiencies ہیں، ان کو Cater کیا جا رہا ہے، ان کو پورا کیا جا رہا ہے، ان شاء اللہ۔ جہاں تک سروس ڈیلیوری کی ایمرجنسی کی بات ہے، سوائے ایک چلڈرن ایمرجنسی وارڈ کے باقی جو ایمرجنسیز ہیں، وہ Provide کی جاتی ہیں، Specialized Care کیلئے ڈی ایچ کیو، چونکہ ٹیچنگ ہاسپٹل ہے تو وہ قریبی فاصلے پہ ہے تو اس کیلئے اس کو ریفر کیا جاتا ہے، Until and unless کہ کوئی سپیشل قسم کی Treatment

چاہیے ہوتی اور اس کے ساتھ لیاقت میموریل ہاسپٹل ہے، وہ بھی بڑا ہاسپٹل ہے اور وہاں پہ بھی Care provide کی جارہی ہے اور وہاں پہ ڈیویلپمنٹ بھی ہورہی ہے And یہ ہے کہ جو ضروریات ہیں، وہ پوری کر رہے ہیں ان شاء اللہ۔

جناب سپیکر: جی میڈم۔

محترمہ نجمہ شاہین: یہ جو ایل ایچ ایم ہے ناں تو یہاں پہ اس کا، پچھلا میرا کوئسچن جو ہے ایمرجنسی کا، وہ کمیٹی کو ریفر ہوا ہے اور وہاں پہ میں نے بتایا ہے کہ وہاں پہ کوئی سوائے سرنج کے اور اس کے، خالی جو ڈرپس ہوتی ہیں، کوئی اس کے علاوہ جو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شہرام خان، پلیز، وہ کہتا ہے کہ کمیٹی کو ریفر کریں۔

محترمہ نجمہ شاہین: اس سے پہلے میرا ایمرجنسی کا کوئسچن ہے، وہ ریفر ہو چکا ہے کمیٹی کو اور یہ جو یہاں آپ بتا دیں، برن یونٹ، نیورو سرجری، سٹی سکین، ایم آر آئی، یہ کوہاٹ میں کہاں ہو رہی ہیں؟

جناب سپیکر: جی، شہرام خان۔

سینیئر وزیر (صحت): ایم آر آئی، سٹی سکین کا Already اخبار میں اشتہار دیا گیا ہے، پورے صوبے کیلئے اور پورے صوبے کے جتنے بھی بڑے ہاسپٹلز ہیں، پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے ذریعے سٹی سکین، ایم آر آئی، ڈیجیٹل ایکسرے، ہم Provide کر رہے ہیں، یہ بہت جلدی پراسیس کمپلیٹ ہو جائے گا، ان شاء اللہ یہ پورے صوبے میں پہلی دفعہ ہو گا، پہلے کبھی نہیں ہوا اور وہ Diagnostic services کو Improve کرنے کیلئے کیا جارہا ہے۔ جہاں تک چھوٹی Deficiencies ہیں، میں پھر کہہ رہا ہوں جی، سیکرٹری صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، اگر یہ چاہتی ہیں ایم پی اے صاحبہ، یہ ہمیں لسٹ بتائیں کہ یہ یہ چیزیں نہیں ہیں یا یہ پرابلمز ہیں، ان کے ساتھ بھی ہم ٹیم بھیج دیں گے، On ground یہ چیک کر لیں، رپورٹ کر لیں، جہاں پہ کمزوریاں ہیں، ان کو ہم Rectify کریں گے، جہاں پہ غلطیاں ہیں اس کو ٹھیک کریں گے، جس نے غلطی کی ہے، اس کو بخشا نہیں جائے گا، فلور آف دی ہاؤس کہہ رہا ہوں۔

جناب سپیکر: او کے میڈم، نیکسٹ 3506 میڈم نجمہ شاہین صاحبہ۔

* 3506 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال کوہاٹ میں ایمر جنسی چلڈرن وارڈ، زچہ بچہ اور ڈینٹل شعبہ جات موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 15-2014ء میں مذکورہ شعبہ جات سے کل کتنے مریض مستفید ہوئے ہیں، شعبہ وار تعداد بتائی جائے؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: (الف) اس سلسلے میں عرض ہے کہ ویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال کوہاٹ میں ایمر جنسی چلڈرن وارڈ (چلڈرن نرسری) موجود نہیں ہے جبکہ زچہ بچہ اور ڈینٹل شعبہ جات موجود ہیں۔

مذکورہ شعبہ جات سے مندرجہ ذیل مریض مستفید ہوئے ہیں:

نمبر شمار	سال	شعبہ جات	مریض تعداد
1۔	2014	اوپی ڈی، زچہ بچہ	12734
	2015		13644
2۔	2014	اوپی ڈی ڈینٹل	24140
	2015		234113
3۔	2014	اوپی ڈی۔ چلڈرن	84095
	2015		74876
4۔	2014	اوپی ڈی۔ جنرل	108567
	2015		134705

محترمہ نجمہ شاہین: یہ میرا کوئسچن ہے 3506، یہاں ایمر جنسی چلڈرن وارڈ، چلڈرن نرسری موجود نہیں ہے جبکہ زچہ بچہ اور ڈینٹل شعبہ جات موجود ہیں۔ جب چلڈرن نرسری نہیں ہے تو زچہ بچہ جو وہاں پہ موجود ہے تو آج کل تو 50% ایسے ہوتے ہیں کہ انہیں فوراً ایمر جنسی کی ضرورت ہوتی ہے جو کہ سی ایم ایچ ریفر کئے جاتے ہیں اور وہاں بھی وہ لوگ جو پراسیسز ہوتے ہیں اتنے مشکل ہوتے ہیں کہ ان کو پشاور ریفر کیا جاتا ہے، تو بچے تو بیچارے راستے میں ہی دم توڑ دیتے ہیں، تو یہ کب تک آپ لوگ یہ ایمر جنسی یہاں پر بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں کیونکہ اس سے زچہ بچہ سنٹر کا تو کوئی فائدہ ہی نہ ہوا۔

جناب سپیکر: شہرام خان، پلیز۔

وزیر صحت: دیکھیں جی، بالکل ہمارا پلان ہے کیونکہ ہیلتھ فیسیلیٹیز ہیں، اس میں بہت ساری Deficiencies ہیں تو اس کو Focus کر کے ان کی ضروریات پوری کر رہے ہیں، ان شاء اللہ اس پہ ہم کام کر رہے ہیں، جتنا جلدی ہو سکے گا ان ضروریات کو ہم پورا کریں گے ان شاء اللہ۔

جناب سپیکر: جی میڈم، نیکسٹ، 3505، محترمہ نجمہ شاہین۔

محترمہ نجمہ شاہین: 3505، یہ میرا کوئسچن ہے، انہوں نے تو جواب دیا ہے کہ اس کا انتظام، انتظامی کنٹرول ڈسٹرکٹ سوشل ویلفیئر آفیسر کوہاٹ کے پاس ہے اور یہ کوئسچن بھی میرا پہلے سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کو کیا گیا تھا، دوبارہ وہاں گیا ہے، انہوں نے ہیلتھ کی طرف ریفر کر دیا ہے اور ہیلتھ والے وہاں ریفر کرتے ہیں، یہ ہے اصل میں سوشل ویلفیئر کا، لیکن میں سوشل ویلفیئر کی منسٹر سے ریکویسٹ کروں گی کہ اس مسئلے کا کوئی حل نکالیں۔

جناب سپیکر: میڈم انیسہ! چونکہ یہ پراپر آپ کے ڈیپارٹمنٹ تو نہیں گیا ہے، بہر حال آپ یہ کوئسچن جو ہے نا کوئسچن لے کر آئیں تو ہم اس کو سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ بھیج دیں گے۔

محترمہ نجمہ شاہین: یہ اس سے پہلے جا چکا ہے، اس وقت منسٹر ہماری یہ مہر تاج ہوتی تھی ان کے پاس دو دفعہ یہ میرا کوئسچن گیا ہے۔ کمیٹی والا۔

جناب سپیکر: چلو چلو 'نیکسٹ' میں آپ سیکرٹری کے پاس جمع کر لیں اور اس کو سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ بھیج دیں گے

محترمہ نجمہ شاہین: یہ اس سے پہلے جا چکا ہے، اس وقت منسٹر ہماری یہ مہر تاج ہوتی تھیں، ان کے پاس دو دفعہ یہ کوئسچن گیا ہے میرا کمیٹی۔۔۔۔

جناب سپیکر: چلیں 'نیکسٹ'، آپ سیکرٹریٹ کے پاس جمع کر دیں اور اس کو سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ بھیج دیں گے۔

محترمہ نجمہ شاہین: ٹھیک ہے، اوکے۔

جناب سپیکر: 'نیکسٹ 3768' میڈم راشدہ رفعت صاحبہ۔

* 3768 _ محترمہ راشدہ رفعت: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حیات آباد میڈیکل کمپلیکس میں مریضوں کی سہولت کیلئے بنائی گئی لفٹ چالو حالت میں ہے، اگر نہیں تو وجوہات فراہم کی جائیں؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: اس سلسلے میں عرض ہے کہ حیات آباد میڈیکل کمپلیکس سی آر سی کارڈیالوجی کا لفٹ چالو حالت میں ہے جبکہ دوسری لفٹ کی پروکیورمنٹ بھی پراسیس میں ہے۔

محترمہ راشدہ رفعت: شکریہ، سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر! یہ میں کافی عرصہ پہلے یہ سوال جمع کرایا تھا اور اصل میں اب مجھے نہیں پتہ لفٹ کی کیا کیفیت ہے، کیا حالت ہے لیکن بہت حساس شعبہ ہے کارڈیالوجی کا اور اس میں لفٹ بند ہوتا ہے، ایک لفٹ کو کہتے ہیں کہ ہاں یہ چل رہا ہے اور وہ بھی مریضوں کیلئے نہیں ہوتی، کہتے ہیں کہ کوئی ویل چیئر والا مریض آئے گا تو اس کیلئے ہو گی یا انتہائی کوئی خراب جس کی کیفیت ہو، اب یہ شاید ایک سال ہوا یا نہیں ہوا آٹھ نو مہینے تو اس کو ہو گئے ہیں، اب مجھے نہیں پتہ کہ اس کی کیا کیفیت ہے لیکن وہ ان مریضوں کے استعمال میں نہیں ہے، اس لئے وہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی شہرام خان!

سینیئر وزیر (صحت): سپیکر صاحب! ایم پی اے صاحب کے سوال کا جواب تو انہوں نے دیا ہے بہر حال ان کی تسلی کیلئے کل ہم ان شاء اللہ ہاسپٹل سے پھر بھی Reconfirm کر کے، تو ان کا جو Concern ہے کہ سارے Patients کیلئے کارڈیالوجی کیلئے اس کو Use کیا جائے، بالکل ان کی بات صحیح ہے اور Patients کیلئے ہی ہسپتالوں میں لفٹ لگایا جاتے ہیں، اس پہ کوئی پابندی نہیں ہونی چاہیے، بہر حال وہ چیک کر کے ان کو واپس ہم کل اپ ڈیٹ بھی کر دیں گے ان شاء اللہ، کوئی وہ نہیں ہو گی۔

جناب سپیکر: جی راجہ فیصل صاحب، راجہ فیصل۔

راجہ فیصل زمان: سر! میں نے جتنے جواب دیکھیں ہیں، کل اور آج ہی ہو رہے ہیں، اسمبلی میں اگر کوئسچن آتا ہے تو اس پہ تیار ہونا چاہیے اور میں منسٹر صاحب سے ریکویسٹ کروں گا، وہ Young آدمی ہیں، ان کو اس کوئسچن آنے سے پہلے ایم پی ایز کے ساتھ رابطہ کرنا چاہیے، ایم پی ایز جو چیز لاتے ہیں، اس کی ایک Importance ہوتی ہے، ٹھیک ہے کوئسچنز آ اور بھی گزر جائے گا لیکن یہ بڑا اہم محکمہ ہے، ہر ڈسٹرکٹ میں مسائل ہیں سر! یہ نہیں کہ ہم نے سمری موو کر دی ہے، وزیر اعلیٰ صاحب ان شاء اللہ یہ کر دیں گے اور وہ کر دیں

گے۔ سر! ہمیں عملاً جو نظر آئے گا، ہم وہ مانیں گے، ہم بریک میں بیٹھ جاتے ہیں، تھوڑی دیر بعد بیٹھ جاتے ہیں، سر! اس طرح تو سسٹم نہیں چلتا سر، میں اپنے بھائی سے صرف یہ ریکویسٹ کروں گا، اس کیلئے کم از کم ایک اتنا بڑا ڈیپارٹمنٹ ہے، ٹوٹل چھ سوال ہیں، کسی ایک ڈائریکٹر کی ڈیوٹی لگ جائے کہ آپ ان کنسرنڈ ایم پی ایز سے رابطہ کریں، ان کے کیا مسائل ہیں، آپ ان مسائل کو ایک ہفتے کے اندر حل کر کے مجھے بتائیں، یہ آپ نے اگلے دن ہی جاکر موقع پر حل کرنا۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھی تجویز ہے، راجہ صاحب کی اچھی تجویز ہے جی۔

سینیئر وزیر (صحت): بالکل اچھی تجویز ہے، سیکرٹری صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں ابھی سے ہی ڈیپارٹمنٹ کو کہتا ہوں کہ فیوچر کیلئے ایسا ہی کرے کہ کنسرنڈ ایم پی اے کو کوسچن لانے سے پہلے ان سے ڈسکشن ضرور کرے تاکہ Clarity ہو کیونکہ ایم پی اے کا کنسرن ہمارے لئے ایک انفارمیشن ہوتا ہے اور ہمیں مدد دیتا ہے تو اس کو ہم آنر بھی کرتے ہیں، سپورٹ بھی کرتے ہیں اور ان کے کنسرن کو ایڈریس کرنے کی ہم ہر ممکن کوشش کرتے بھی ہیں اور کرتے بھی رہیں گے ان شاء اللہ، تجویز اچھی اور ایسے ہی ہو گا ان شاء اللہ۔

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

2847 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالی سال 12-2011 کے دوران Skill Development Program کے تحت نرسنگ، Doctor of Physiotherapy کیلئے سکالرشپ کی مد میں 700 ملین کی ایک خطیر رقم رکھی گئی تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس سکیم سے مستفید ہونے والی تین یونیورسٹیاں، کے ایم یو، شفاء یونیورسٹی اسلام آباد، آغا خان یونیورسٹی کراچی کے مستحق طلباء کو رہائش، ذاتی اخراجات، اور ٹیوشن فیس کی مد میں پوری شفافیت کے ساتھ بروقت ادائیگی کی گئی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کس یونیورسٹی کے کون کونسے طلباء کو کتنی کتنی رقم دی گئی ہے، ہر طالبعلم کا نام، پتہ، ملنے والی رقم اور مد سمیت تمام تفصیلات فراہم کریں؟

<u>جناب شہرام خان سینیئر وزیر (صحت)</u>: (الف) جی ہاں، مذکورہ سال کے دوران Skill Development Program کے تحت نرسنگ Doctor of Physiotherapy کیلئے سکالرشپ کی مد میں 701 ملین کی رقم مختص کی گئی تھی۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) اس سلسلے میں عرض ہے کہ سکل ڈیویلپمنٹ پروگرام کے تحت طلباء وطالبات کو وظائف، ٹیوشن فیس اور دیگر اخراجات متعلقہ اداروں کو براہ راست ادا کی جاتی ہے، سکل ڈیویلپمنٹ پروگرام کے تحت یونیورسٹی وائز ملنے والی رقم کی تفصیل بمعہ کیٹیگری وائز طلباء وطالبات کی تعداد اور ان کے نام، ڈومیسائل اور پتہ ضمیمہ الف اور ب میں درج تفصیلات ایوان کو فراہم کی گئی ہیں۔

3531 _ <u>مولانا مفتی فضل غفور</u>: کیا وزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مردان بونیر براستہ میاں خان کاٹلنگ بین الاضلاعی اہم اور مصروف شاہراہ ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ روڈ میں میاں خان اور کنگر گلی کے درمیان غیر محفوظ پہاڑی سلسلہ ہے، جس پر آئے روز رہزنی کی وارداتیں رونما ہوتی ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس اہم شاہراہ کو پرامن بنانے کیلئے پہاڑی میں شہیدہ کے مقام پر پولیس چوکی تجویز ہوئی جس کی کاغذی کارروائی مکمل ہوچکی ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ سڑک کو پرامن اور محفوظ بنانے کیلئے حکومت کب تک پولیس چوکی بنانے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب پرویز خٹک (وزیراعلیٰ)</u>: (الف) ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ روڈ پر میاں خان اور کنگر گلی کے درمیان پہاڑی سلسلہ ہے، اس شاہراہ پر 2016 تک رہزنی کے کل پانچ مقدمات (2011 میں 01، 2013 میں 02، 2014 میں 01 اور 2016 میں بھی 01) رجسٹرڈ ہوئے ہیں، اسلئے رات کے وقت گاڑیوں کو قافلے کی شکل میں جمع کرکے مقامی پولیس کی زیر نگرانی ضلع بونیر کی حدود تک بحفاظت پہنچایا جاتا ہے اور اسی طرح بونیر سے آنے والی گاڑیوں کیلئے

بھی یہی طریقہ کار ہے، تاہم مقامی پولیس کو سختی سے ہدایت جاری کی گئی ہے کہ اس قسم کے واقعات کی روک تھام کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

(ج) جی ہاں، یہ بھی درست ہے کہ اس اہم شاہراہ کو پرامن بنانے کیلئے پہاڑی سلسلہ میں شہیدہ کے مقام پر پولیس چوکی کی تجویز ہوئی ہے لیکن اس کی کاغذی کارروائی ابھی زیر تکمیل ہے کیونکہ اس سلسلہ میں دفتر ڈی سی مردان نے ڈی پی او مردان کو زیر تخمینہ خرچہ مبلغ 1,59,795 روپے (جو کہ زمین کے مالک کو ادا کرنے ہیں) کے متعلق مورخہ 04-09-2014 تحریری چٹھی بھیجی ہے۔ مذکورہ چٹھی کی بابت مورخہ 04-11-15 کو دفتر پروگرام آفیسر (PCU) پروجیکٹ کوآرڈینیشن یونٹ پشاور کو مذکورہ رقم مہیا کرنے کیلئے تحریر کیا گیا۔ PCU پشاور سے مورخہ 23-11-2015 کو جواب آیا کہ مذکورہ چوکی کیلئے درکار رقم 2015-16 کی بجٹ میں موجود نہیں ہے لہذا فی الحال مذکورہ رقم مہیا نہیں کی جاسکتی۔ تاہم محکمہ پولیس نے مذکورہ چوکی کیلئے مختص شدہ زمین پر بہ امداد ڈی سی مردان قبضہ میں لی ہے اور ڈائریکٹر PCU کو مطلوبہ چوکی کی تعمیر کیلئے رپورٹ دی ہے۔

(د) مطلوبہ تفصیل (ج) میں بیان کی گئی ہے۔

اراکین کی رخصت

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ جی۔ میں آج اس موقع کے جتنے بھی ہمارے ایم پی ایز صاحبان حج کیلئے گئے تھے، میں سب کو مبارک باد دیتا ہوں۔ یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں: الحاج صالح محمد صاحب؛ سردار فرید صاحب؛ شکیل احمد صاحب؛ سردار اورنگزیب نلوٹھا؛ میڈم نادیہ شیر؛ حاجی قلندر صاحب؛ ابرار حسین؛ جمشید خان؛ فضل حکیم خان؛ محب اللہ خان؛ ملک شاد محمد؛ سردار ظہور؛ میڈم خاتون بی بی؛ میاں ضیاء الرحمان؛ میڈم یاسمین پیر محمد؛ مشتاق احمد غنی؛ منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

تحاریک التواء

<u>جناب سپیکر</u>: آئٹم نمبر 6، منسٹر فخر اعظم وزیر، مسٹر فخر اعظم وزیر۔

